A Publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

NOVEMBER 2025

# AN NIDA

## REMEMBRANCE OF ALLAH

**Aye! it is in remembrance of Allah that Hearts can find comfort**

Also, Learn about the Excellecnce of Arabic Language



“THERE IS NO GOD BUT ALLAH;
MUHAMMAD IS THE MESSENGER OF GOD”




Photo by: Hasoor Ahmad Eqan

AN-NIDA MAGAZINE

*A publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada - Since 1989*

# CONTENTS

| *Topics* | *Page #* |
|---|---|
| Holy Quran | **4** |
| Hadith | **5** |
| Promised Messiah[as] | **6** |
| Guidance from Huzoor Anwar (aa) | **7** |
| Message Sadr Majlis | **8** |
| Aye! it is in the remembrance of Allah... | **10** |
| The Heart has a Brain | **14** |
| The Excellence of Arabic | **16** |

## Publication Team

***Sadr Majlis***
Murabbi Shahrukh Rizwan Abid

***Cheif Editor***
Murabbi Abdul Noor Abid

***English Editor***
Abdal Ahmad Mangat

***Urdu Editor***
Hasoor Ahmad Eqan

***Muhtamim Ishaat***
Murabbi Rezwan Mohammad

***Review Board***
Ahmad Sahi
Murabbi Nabil Mirza
Murabbi Sadiq Ahmad
Murabbi Umar Akbar
Murabbi Tahir Mahmood

***Content & Creative Team***
Hannan Ahmad Qureshi
Ataul-Karim Gohar
Asad Ali Malik
Samar Faraz Khawaja
Frasat Ahmad Basharat

# HOLY
# QURAN

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ

*Aye! it is in the* REMEMBRANCE of ALLAH *that Hearts can* find COMFORT

**Ar-Ra'd : 29**

# HADITH

لاَ يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلاَّ حَفَّتْهُمُ
الْمَلاَئِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ
السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

The Holy Prophet (sa) said: The people do not sit but they are surrounded by angels and covered by Mercy, and there descends upon them tranquillity as they remember Allah, and Allah makes a mention of them to those who are near Him.

Sahih Muslim 2700

EXCERPT

# PROMISED MESSIAH عليه السلام

"...the much-loved remembrance of Allah, which is called Prayer, becomes their (a believer's) true sustenance without which they cannot survive at all. They protect and keep guard over it just as a traveller in a barren and waterless wasteland watches over his belongings of the few pieces of bread, and treasures the meagre amount of water in his sheepskin as life itself. God the Supreme Bestower has decreed this stage also for the spiritual progress of man, and it is the last stage of the prevalence and predominance of personal love and adulation. And in reality at this stage the love-filled remembrance of God—which, in the terminology of the Shariah [Islamic Law], is called the Prayer—takes the place of food. Indeed, time and again he wishes to sacrifice his own physical being for the sake of this sustenance, without which he cannot live, just as a fish cannot live without water, and he considers even a moment of separation from God as his death. His soul remains ever prostrate upon the threshold of God, all his comfort lies in God, and he is certain that if he were to be separated from the remembrance of God even for the blinking of an eye, it would be the end of him.

*Brahin e Ahmadiyya, Part 5 -pg 294-295*






GUIDANCE FROM

# HUZOOR ANWAR

MAY ALLAH BE HIS HELPER

"The condition of a household where remembrance of Allah takes place compared to a household where there is none, is similar to that of the living as opposed to the dead. Thus, beautify your homes with worship and remembrance of Allah so that your houses are always filled with spiritual life."

*Huzoor Anwar (aa) - Domestic Issues and Their Solutions (pg. 207-208)*

MAJLIS KHUDDAMUL AHMADIYYA CANADA



# MESSAGE *FROM* *SADR* MAJLIS

Special Message by Respected Sadr Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

**Respected Shahrukh Rizwan Abid**

# MESSAGE FROM SADR MAJLIS

My Dear Khuddām Brothers,

*Assalāmu 'Alaikum wa Rahmatullāhi wa Barakātuhu.*

By the grace and mercy of Allāh the Almighty, we are entering a new year of Majlis Khuddāmul Ahmadiyya. Each new year is a gift, presenting us with an opportunity to revisit our intentions, strengthen our bond with Khilāfat, and rededicate ourselves to the service of our faith.

At the outset, I humbly request all Khuddām across Canada to step into this new year with sincere prayers. Pray that Allāh may bless this upcoming year with success, unity, and spiritual progress, and remember that absolutely nothing is possible without the help of Allāh the Almighty. Remember every Khādim and Tifl in your prayers, and pray that they remain steadfast in their faith and become true servants of Khilafat and Islam Ahmadiyyat!

I also want to encourage every Khādim to start the new year with an earnest letter to Hazrat Khalīfatul Masīh V (May Allāh be his Helper), expressing their love and requesting prayers. It is through these letters that we reaffirm our connection with Khilāfat, the very heartbeat of the Jama'at, and our guide through these very turbulent times.

As we embark on this new year, let us pledge to serve Majlis Khuddāmul Ahmadiyya with renewed zeal and dedication. Our purpose is not only to fulfill certain duties and roles, but it is to cultivate righteousness, discipline, and the spirit of sacrifice within ourselves.

The Promised Messiah (as) has reminded us that true service is rooted in sincerity and humility. Therefore, whatever role we undertake, whether big or small, our hearts should never be driven by a desire for recognition, but by pure devotion to Allāh and love for His cause. Only then will we truly be following in the footsteps of the Promised Messiah (as) and his Khulafah.

May Allāh enable us to make this new year one of spiritual progress, brotherhood, and service. May He accept our humble efforts, forgive our shortcomings, and make each of us a source of pride for beloved Khalīfatul Masīh. Ameen.

Wassalām,

*Shahrukh Rizwan Abid*

Sadr Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

Meekail Ahmed - 4th year Jamia Student

# Aye! it is in the REMEMBRANCE of ALLAH that Hearts can find COMFORT





*Painting By John Henry Frederick Bacon*

*Romeo and Juliet*. Their devotion shows how deeply a person can love another. Romeo felt alive only when he thought of Juliet. His heart felt serenity and comfort being next to her. Yet, as powerful as their devotion was, it remained bound by time, imperfection, and human limitation. Their love gave them a glimpse of devotion, but not the endless peace of divine love, for human love, no matter how deep, is still tied to mortality.

Throughout life, people chase relationships, achievements, and possessions to find fulfillment, but remain unsatisfied. This reveals a deeper longing that no worldly gain can fill. Human desires are insatiable; the more we seek from the world, the less satisfied we feel. Love for others, especially when pursued unlawfully, disappoints because no human is perfect. Praise and attention are fleeting, leaving emptiness once gone. Money, power, and status never satisfy, as there is always a hunger for more. Our hearts are restless because these things are temporary. Each new goal brings only a moment's pleasure before another desire arises, deepening our restlessness.

Islam preaches a balanced life, valuing worldly blessings while recognizing their limits. True and lasting serenity does not come from these creations alone. Only by turning toward the Creator can the restless heart find the peace it seeks. The unique and profound love that is kindled in the heart of a believer through the magnificent and perfect Attributes of Allah the Exalted. It is by the grace of these flawless Attributes that humanity is guided each day from hardship and ignorance into the spiritual refuge of success and peace. In moments of deep despair, sorrow, pain, or grief, humankind instinctively raises its hands in humble supplication, turning to the One who alone deserves all praise and adoration.

The lovers of Allah throughout history, whether it be prophets, saints, or devoted souls, found peace even in pain. The Holy Prophet Muhammad ﷺ, when faced with hardship and rejection, turned not to despair, but to prayer and remembrance, saying, "Should I not be a thankful servant?" Likewise, Rabi'a al-Basri declared that she loved Allah not for paradise or reward, but simply because He is worthy of love. For such hearts, remembrance was not a duty, but a source of joy.

لطف او ترک طالبان نہ کند
کس بہ کار ہش زیاں نہ کند
ہر کہ آن راہ جست یافتہ است
تافت آں رو کہ سر نتافتہ است

*His grace does not forsake the seekers.*
*In His path, no one suffers loss.*
*Whoever seeks this path finds it;*
*Bright becomes the face that never turns away from Him.*

(Brahin-e-Ahmadiyya, vol. 5, p. 315, English Edition)

One may ask, "We have prayed, we have supplicated, we have remembered Allah, why has nothing changed?" What they forget is that remembrance is not merely a string of words; it is a state of heart

and belief. The Prophet Muhammad ﷺ conveyed this truth:
"Allah the Exalted says: 'I am as My servant expects Me to be, and I am with him when he remembers Me. If he remembers Me inwardly, I will remember him inwardly; and if he remembers Me in an assembly, I will remember him in a better assembly.'" (Sahih al-Bukhari, Sahih Muslim)

This narration reveals that our relationship with Allah depends on the expectation and conviction we hold in our hearts. If we do not truly believe that Allah is All-Powerful, All-Hearing, and Most Merciful, then our remembrance will not bring peace, for the heart cannot feel the presence of One it does not trust. If our prayers are uttered by the tongue but lack sincerity, they cannot awaken the soul. Remembrance is not mere repetition; it is alignment. We must align our hearts, thoughts, and actions with the will of Allah. Whether at work or home, in worship or in rest, every action should begin and end with His name. Only then does remembrance become alive, and only then does the promise of peace in the Qur'an come to life within us.

The Promised Messiah (peace be upon him) explained this beautifully:
"The general meaning of this is that hearts find comfort in the remembrance of Allah, but its reality is that when a person remembers Allah with true sincerity and complete loyalty, believing himself to stand in His presence, it creates a fear of Divine Greatness in his heart. That fear protects him from abominations and sin, and such a person progresses in piety and purity until the angels descend upon him with glad tidings, and the door of revelation is opened to him. Thereafter, no sorrow can befall his heart, and his nature remains filled with joy and happiness." (Al Hakam, 10 September 1905, p. 8)

The most powerful way to realign the heart with its Creator is to follow the path that Allah Himself has shown us through His Holy Prophet (peace and blessings be upon him). The first way is to answer Allah's call through the five daily prayers. Each time the Adhan echoes across the land, Allah calls His servants, and responding is a way of turning back to Him, leaving worldly distractions, and reconnecting our hearts to their true Source. Observing these prayers on time and with sincerity strengthens our faith in Him and guides us to a peaceful path. Alongside the prayers, a believer should read the Holy Qur'an regularly and live by its teachings, and keep their heart and tongue engaged in the remembrance of Allah through sincere, simple prayers. Among these are the prayers that the Huzoor Anwar (aa), especially advised his followers to recite often:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

*Holy is Allah and worthy of all praise; Holy is Allah, the Great. O Allah, send blessings upon Muhammad and upon the progeny of Muhammad*

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوبُ إِلَيْهِ

*I seek forgiveness from Allah, my Lord, for all my sins and turn to Him in repentance*

رَبِّ كُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ، رَبِّ فَاحْفَظْنِي وَانْصُرْنِي وَارْحَمْنِي

*My Lord, everything is Your servant; my Lord, protect me, help me, and have mercy on me*

In this way, we will witness profound results not only in our spiritual growth and inner tranquility but also in our physical and mental well-being.

Your *hope* in my heart is the rarest *treasure*
Your *Name* on my tongue is the *sweetest word*
My *choicest hours*
Are the hours I spend with *You* -
O God, I *can't live* in this world
*Without remembering You*

*Rabia Basri*

# DID YOU KNOW?

# THE HEART HAS A BRAIN

We are often taught that the brain is the absolute commander of the body. It seems logical enough: we think of an action, consciously or unconsciously, and the brain signals the body to perform it. But is the brain really the captain of the ship?

As far back as 1884, the psychologist William James hinted at a deeper connection between our physiology and our mind. He famously illustrated this with a scenario: "Imagine you are walking through the woods, and you come across a grizzly bear. Your heart begins to race. You feel afraid, and you run." He suggested that the heart's reaction is immediate, perhaps even preceding the conscious thought.

Modern science has now proven what was once just theory. Recent discoveries by researchers at Columbia University have revealed that the heart actually possesses its own nervous system, call it a "mini-brain." This network allows the heart to, among other things, control our cardiac rhythm.

This offers a stunning confirmation of the wisdom found in The Holy Quran. In The Holy Quran, revealed by God over 1400 years ago, God has used the word 'Qalb' (heart) to describe all matters that pertain to religious understanding.
For instance, in Surah Al-Baqarah, God describes the spiritual condition of hypocrites as a physical ailment of the heart:

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ

"In their hearts is a disease..." (Surah Al-Baqarah, 2:11)

*The Almighty clarifies this further in Surah Al-Hajj*:

فَاِنَّهَا لَا تَعۡمَى الۡاَبۡصَارُ وَلٰـكِنۡ تَعۡمَى الۡقُلُوۡبُ الَّتِىۡ فِى الصُّدُوۡرِ ۝٤٧

"But the fact is that it is not the eyes that are blind, but it is the hearts which are in the breasts that are blind." (Surah Al-Hajj, 22:47)

Just as our brain's neural pathways change based on our habits, our heart adopts

# THE HEART HAS A BRAIN

the "color" of our actions. When a person persists in wrongdoing, the heart becomes diseased, losing its ability to grasp the truth about God.
Hazrat Musleh Maud[ra] provides a profound explanation of this subtle physiology, bridging the gap between the blood that sustains us and the thoughts that define us:

> *"People object, arguing that thoughts originate in the brain ... The answer is that spiritual affairs possess a subtle connection with the heart, and it is the experience of all spiritual people that the heart has a deep connection with spirituality...*
>
> *The fact that thoughts originate in the brain does not contradict this, because it is quite possible that certain changes in the blood have a specific effect on thoughts being good or bad. And since the blood is connected to the heart, in this way, the heart also exerts a hidden influence on thoughts. Furthermore, it is obvious that food affects human thoughts, and that influence cannot be exerted in any way other than through the blood. So, in this sense, the heart can also be called a source of thoughts."*
>
> (Tafsir-e-Kabir, vol. 4, p. 132)

The heart is truly the captain of our ship. The blood that circulates to our brain and all other organs comes from our heart. That blood has an effect on all our organs including our brain, influencing our very thoughts and decisions.

"Listen, O those who can, to what *God desires* from *you*. And what He desires is only that you *become solely His* and *do not associate any partners* with Him, neither in the heavens nor on the earth.

*Promised Messiah[as] - The Will, pp.12*



# THE EXCELLENCE OF ARABIC

# THE EXCELLENCE OF ARABIC



Baasil Buttar - 4th year Jamia Student

Among the 7000 languages spoken across the globe, the Arabic language holds a special rank among the many languages of the world. From the complex system of root words to the phonetic sounds that are expelled from the tongue of the speaker, the Arabic language has more than often been regarded as one of the most advanced and difficult languages to learn. This language not only provides a challenge to a non-native speaker seeking to learn, however even the bulk of native speakers struggle to fully grasp the entirety of this language. Now the question arises in one's mind, how can this possibly be? What truly makes the Arabic language so difficult to learn and comprehend, and what are the secrets of its excellence? Let us explore the special traits associated with this language and examine its clock work.

Comparatively to many other languages, the Arabic language uses diacritical marks ie; Fatha, Damma, Kasrah, Tanwin, Shadda, and Sukoon. The use of these marks is not only used for pronunciation like how they may be potentially used in the Urdu or Persian languages, rather they are also used to entirely change the meaning of a word and a sentence all together. The sentence "Zain slapped Asad" in the Arabic language would look as such; زَيْـنٌ صَفَـعَ أَسَـدً



However if we were to make a simple yet calculated adjustment of placing a Fatha on "Zain" and a damma on "Asad"; زَيْنًا صَفَعَ أَسَدٌ we would essentially alter the entire structure of the sentence and the new sentence that would be a result of this alteration would be; "Asad slapped Zain". This is but one grammatical modification that results in the modification of the full sentence.

In addition to the use of diacritical marks, a remarkable feature which remains to be seen in any other language is the precise meaning that a few letters can give. A word can often give the meaning of an entire sentence in another language such as English. For example, the word "جَشَّمَ" in the Arabic language, gives the translated definition of "half the night has passed". Or an even more intricate meaning would be the word "تَهَافَلْتُ" which translates to english as, "I am accustomed to eating bread made of millet cereal and have vowed to always make bread of millet cereal". However the fascination of this trait does not end here, in the Arabic language, at times a single letter can give the meaning of a sentence. Such as the word "خِ", which means "neither walk slow or hurry; rather walk at a moderate pace". Or the word "رِ" which gives the specific meaning of "flare up, and light up! Come out of the fireplace, become dirty". This fascinating quality has only been observed in the Arabic language to date and has yet to be seen in another language to this extent as shown above.

A final testament to the exquisite nature of this distinctive language is the difficulty in the vocal expression of its alphabet. Compared to languages such as Italian or Spanish which entail a clear phonetic expression and possess no intricate method to correctly discharge the sound of a letter, the Arabic language requires its speaker to discharge its sounds from relatively every part of one's mouth which includes the throat, cave of the mouth, lips, tongue, and nasal cavity. Not to mention that similar to how diacritical marks change the meaning of a sentence, the wrong pronunciation of a word may result in a similar change in meaning. Observe the sentence "أَنْتَ قَلْبِي" which means "you are my heart, the word "qalb" translates to "heart" and its sound originates from the throat, but often times non-native speakers may mispronounce this word and pronounce it as "كَلْب", which mean "dog". And as a result of mispronunciation this sentence changes in its original meaning and now translates to "you are my dog". This leads one to imagine how deeply the meanings of other words and sentences can change just based on this simple yet concise example stated where a phrase that was used to express one's love now becomes an insult hurled at a loved one.



These qualities which are found collectively in the Arabic language alone prove its exquisite nature as a language. Where many languages may use diacritical marks or be difficult in pronunciation, will not be possessed of a multitude of small words or letters that give lengthy meanings. And vice versa where many languages possess small concise words that give lengthy meanings, will not make use of diacritical marks or be difficult from a phonetic standpoint. These qualities which are collectively present in the Arabic language testify to its excellence as a language and its difficulty to comprehend, whether one comes from a native background or a foreign background. Thus resulting in the Arabic language attaining a special station and excellence among the numerous languages present in the modern day era.



# The Actual Purpose and Essence of the Prayer is Supplication

The actual purpose and essence of the Prayer is supplication and supplication is a phenomenon that accords with the law of nature established by God Almighty. You may commonly observe that when a child weeps and cries, and expresses anxiousness, a mother becomes extremely restless as well and gives the child milk. The relationship between divinity (uluhiyyat) and servitude (ubudiyyat) is similar in nature and cannot be understood by everyone. When a person falls at the gate of God Almighty with extreme humility, lowliness and meekness, and presents his circumstances before God, and requests his needs from Him, the grace that is inherent in divinity surges forth and shows mercy to such a person.

(Malfuzat [English], Vol. 2, p. 67)



مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کا ماہوار رسالہ

نومبر ۲۰۲۵

# النداء



## اللہ تعالیٰ کا ذکر

سنو! اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔

پڑھیے: احمدیت کا تعارف

از تفسیر حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ: دلوں کا سکون اللہ کے ذکر میں ہے




Photo by: Hasoor Ahmad Eqan

AN-NIDA
MAGAZINE

مجلہ النداء مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا، جاری شدہ 1989

# فہرست

| صفحہ | مضامین |
|---|---|

| 4 | قرآن کریم |
| 7 | حدیث نبوی ﷺ |
| 8 | کلام الامام امام الکلام |
| 11 | فرمان خلیفۂ وقت |
| 12 | پیغام صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا |
| 14 | اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔ |
| 16 | اسلام احمدیت کا تعارف |
| 20 | دلوں کا سکون اللہ کے ذکر میں ہے |

## اشاعت ٹیم

**صدر مجلس**
شاہ رُخ رضوان عابد صاحب مربی سلسلہ

**مُدیرِ اعلیٰ**
عبد النور عابد صاحب مربی سلسلہ

**مدیر انگریزی**
ابدال احمد مانگٹ صاحب

**مدیر اردو**
حصور احمد ایقان صاحب

**مہتمم اشاعت**
رضوان محمد صاحب مربی سلسلہ

**ریویو بورڈ ٹیم ممبران**
نبیل مرزا صاحب مربی سلسلہ
فرخ طاہر صاحب مربی سلسلہ

**ٹیم ممبران**
عطاالکریم گوہر
اسد علی ملک
ثمر فراز خواجہ
فراست احمد بشارت

**ڈیزائن**
حنان احمد قریشی



# قال اللہ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ
اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ

(یعنی) وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔

**سنو! اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔**

الرعد:۲۹


قل تعالوا
يشهدون أن
وعلى الذين هادوا حرمنا
البقر والغنم حرمنا عليهم شحومهما
وإنا لصادقون



# قال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

قَالَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم:

’’لاَ يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلاَّ حَفَّتْهُمُ الْمَلاَئِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ‘‘

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ اللہ عزوجل کے ذکر کے لیے بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں حلقہ میں لے لیتے ہیں اور رحمت ان کو ڈھانک لیتی ہے اور اُن پر سکینت اترتی ہے اور اللہ ان کا ذکر ان میں کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔

(صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار باب فَضْلِ الِاجْتِمَاعِ عَلَى تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَعَلَى الذِّكْرِ)

# کلام الامام امام الکلام

## فرمان حضرت مسیح موعودؑ



’’قرآن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ایسی شے ہے جو قلوب کو اطمینان عطا کرتا ہے جیسا کہ فرمایا: اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ پس جہاں تک ممکن ہو ذکر الٰہی کرتا رہے اسی سے اطمینان حاصل ہو گا۔ ہاں اس کے واسطے صبر اور محنت درکار ہے۔ اگر گھبرا جاتا اور تھک جاتا ہے تو پھر یہ اطمینان نصیب نہیں ہو سکتا۔‘‘

(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام، جلد 4، صفحہ 426)

# صلوٰة

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر ذرا بھی غم پہنچتا تو آپ نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے اور اس لئے فرمایا ہے:

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔

اطمینان ، سکینت قلب کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ نہیں۔"

(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام، جلد4، صفحہ 426)





# فرمان خلیفہ وقت

’’پس ہر احمدی کو ہر وقت یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ اس کے دل کا اطمینان اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہی ہے اور پھر اللہ تعالیٰ نے اس کی ضمانت بھی دی ہے۔... اللہ تعالیٰ یہ ضمانت دیتا ہے کہ میرا ذکر کرنے والوں کو، حقیقی طور پر میرا ذکر کرنے والوں کو، ان حکموں پر عمل کرنے والوں کو میں اطمینان قلب دوں گا۔ دل کو چین اور سکون ملے گا۔ جیسا کہ فرمایا اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ(الرعد:29) یعنی سمجھ لو کہ اللہ کی یاد سے ہی دل اطمینان پاتے ہیں۔ اور یہ ذکر نمازوں کے علاوہ بھی ہونا چاہئے۔ جیسا کہ میں نے بتایا ہر وقت اللہ کی یاد یہ ذکر ہی ہے۔ اگر اللہ کا خوف دل میں رہے تو آدمی مختلف دعائیں مختلف وقتوں میں پڑھتا رہتا ہے۔ کئی کام اس لئے نہیں کرتا کہ اللہ کا خوف آجاتا ہے۔ تو اس بارے میں بھی اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتادیا ہے کہ اللہ کا ذکر صرف نمازوں میں نہیں بلکہ اس کے علاوہ بھی ہے۔ ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا چاہئے۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 5 مئی 2006ء)

# پیغام صدر مجلس



خصوصی پیغام از
صدر صاحب مجلس خدام الا حمدیہ کینیڈا،

**مکرم و محترم شاہ رُخ رضوان عابد صاحب**

## پیغام صدر مجلس

# میرے عزیز خدام بھائیو،

**السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ**

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم مجلس خدام الاحمدیہ کے نئے سال میں داخل ہو رہے ہیں۔ ہر نیا سال ایک نعمت ہے جو ہمیں اپنے ارادوں کا جائزہ لینے، خلافت کے ساتھ اپنے تعلق کو مزید مضبوط کرنے، اور اپنے دین کی خدمت کے لیے خود کو دوبارہ وقف کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

سب سے پہلے، میں نہایت عاجزی کے ساتھ تمام کینیڈا کے خدام سے درخواست کرتا ہوں کہ اس نئے سال میں دعا کے ساتھ قدم رکھیں۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ آنے والا سال کامیابی، اتحاد اور روحانی ترقی سے بھر دے۔ یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کوئی کام ممکن نہیں۔ ہر خادم اور طفل کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں کہ وہ ایمان میں ثابت قدم رہیں اور خلافت اور اسلام احمدیت کے سچے خادم بنیں۔

میں تمام خدام کو یہ بھی تلقین کرتا ہوں کہ نئے سال کا آغاز حضرت خلیفۃ المسیح الخامس (ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) کی خدمت میں محبت و عقیدت کے اظہار اور دعاؤں کی درخواست کے ساتھ ایک خط لکھ کر کریں۔ انہی خطوط کے ذریعے ہم خلافت کے ساتھ اپنے تعلق کو تازہ کرتے ہیں، جو جماعت احمدیہ کا دل ہے، اور انہی کے ذریعہ ہم ان پُرآشوب زمانوں میں رہنمائی پاتے ہیں۔

جب ہم اس نئے سال کا آغاز کر رہے ہیں تو ہم سب یہ عہد کریں کہ ہم مجلس خدام الاحمدیہ کی خدمت نئے جوش و جذبے اور خلوص کے ساتھ کریں گے۔ ہمارا مقصد صرف چند ذمہ داریاں ادا کرنا نہیں، بلکہ تقویٰ، نظم و ضبط، اور قربانی کے جذبے کو اپنے اندر پیدا کرنا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہمیں یاد دلایا ہے کہ حقیقی خدمت اخلاص اور عاجزی میں پوشیدہ ہے۔ لہٰذا جو بھی خدمت ہمیں سپرد کی جائے، خواہ بڑی ہو یا چھوٹی، ہمارے دلوں کا محرک شہرت یا تعریف کی خواہش نہ ہو، بلکہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اُس کے دین کی محبت ہو۔ تبھی ہم حقیقی معنوں میں حضرت مسیح موعودؑ اور اُن کے خلفاء کے نقشِ قدم پر چلنے والے کہلائیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ یہ نیا سال روحانی ترقی، بھائی چارے، اور خدمت کا سال بن جائے۔ وہ ہماری عاجزانہ کاوشوں کو قبول فرمائے، ہماری کوتاہیوں کو معاف کرے، اور ہم میں سے ہر ایک کو پیارے خلیفۃ المسیح کے لیے باعثِ فخر بنائے۔ آمین۔

والسلام،

**شاہ رخ رضوان عابد**

صدر مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا

(تحریر ازارسلان احمد، مجلس مقامی)

وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَىٰ دَارِ السَّلَامِ

اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔



معزز قارئین! اگر ہم تاریخِ انسانیت پر نظر دوڑائیں تو اس کا اکثر حصہ دُکھ اور بے چینی میں مبتلا نظر آتا ہے۔ مشرق کے لوگ بھی بے چین نظر آتے ہیں اور مغرب کے بھی۔ ماضی بھی بے چین تھا اور آنے والا مستقبل تو ہمیں ایسے خطروں کی خبر دیتا ہے کہ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ آج دنیا میں ایسی جنگ برپا ہے کہ بھائی بھائی سے لڑتے نظر آتے ہیں اور امن کلی طور پر مفقود نظر آتا ہے۔ انسانی روح بے چینی سے سوال کرتی ہے کہ اس بھٹکی ہوئی دنیا میں امن کیونکر قائم ہو سکتا ہے؟ تو اس کا جواب یہی ہے کہ اُس خدا کے ذریعہ سے جو امن وآشتی کا سرچشمہ ومبدع ہے۔

پیارے بھائیو! اس بھٹکی ہوئی دنیا میں ہماری امیدیں اُسی ذات سے وابستہ ہیں جس نے اپنا نام **السلام** اور **امن دینے والا** رکھا ہے۔ یعنی وہ خدا جس نے ہر زمانے میں اپنے پیاروں کو امن کا چولہ پہنایا۔ وہی خدا جس نے ابراہیمؑ کے لیے آگ کو سلامتی بنایا، اور آلِ موسیٰ کو خوف کے چنگل سے بچا کر امن کی جگہ عطا کی۔

احادیث میں آنحضرت ﷺ نماز کے بعد اللھم أنت السلام ومنك السلام کی دعا کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ: اے خدا! تیری ذات مجسم سلامتی ہے اور ہر قسم کی سلامتی تجھ ہی سے وابستہ ہے۔ پس خدا ہی تو تھا جس نے دنیا کو ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کا مظہر پا کر امن کا بیج بویا اور وہ ایسا پھولا پھلا کہ جو قبیلے صدیوں سے جنگ کی آگ میں گرفتار تھے بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا بن گئے، اور ابراہیمؑ سے کیا ہوا وعدہ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا پورا کر دکھایا۔ یہ امن صرف آنحضرت ﷺ کی زندگی تک ہی نہ رہا بلکہ آپ کی وفات کے بعد وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اور ایک عورت حجاز سے لے کر مکہ تک سفر کرتی اور اسے خدا کے سوا کسی کا خوف نہ ہوتا۔

عزیز بھائیو! پس ہر ایک امن، خواہ وہ بیرونی ہو یا اندرونی، ذاتی ہو یا عمومی، خدا تعالیٰ کے ذریعہ ہی حاصل ہوتا ہے۔ وہی ہے جو مظلوموں کو سہارا اور بے چین دلوں کو تسلی دیتا ہے۔ اور اُسی کے ذکر سے دل اطمینان پاتے ہیں۔ جیسے کہ وہ فرماتا ہے:

أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

(الرعد:۲۹)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”ہر شخص کا انفرادی امن بھی، اور معاشرے کا امن بھی، اور دنیا کا امن بھی اُس ذات کے ساتھ وابستہ رہنے سے ہے جو امن دینے والی ذات ہے۔“

(خطبہ جمعہ 16 جولائی 2007ء)

پس آج لوگ depression کا شکار نظر آتے ہیں اور امن کے خاطر طرح طرح کی تدبیریں نکالتے ہیں، لیکن نامکمل خواہشات ان کو بے چین پر بے چین کرتی چلی جاتی ہیں۔ آج دنیا کو کون سمجھائے کہ حقیقی اور دائمی امن صرف ذاتِ باری تعالیٰ میں ہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ اس فلسفے کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”اصلی مقصد کے ملنے کے ساتھ ہی تڑپ دُور ہو جاتی ہے اور اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔ پس چونکہ اصل مقصد انسانی پیدائش کا خدا تعالیٰ کی یاد اور اس کا ذکر ہی ہے، جب خدا مل جاتا ہے تو کوئی جلن اور تڑپ نہیں رہتی بلکہ اطمینان ہی رہتا ہے۔ جو لوگ دنیا کی جستجو میں رہتے ہیں، ان کو جس قدر ترقی ملتی ہے، ان کی جلن بڑھتی جاتی ہے۔ مگر جو خدا تعالیٰ کی طرف جاتا ہے اور جس قدر اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اتنا ہی اس کے دل کا اطمینان بڑھتا جاتا ہے۔“

(تفسیر کبیر جلد ۵، صفحہ 68)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو اگر ذرا بھر بھی غم پہنچتا تو فوراً نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے اور فرماتے کہ دل کے اطمینان کے لیے نماز سے بڑھ کر کوئی ذریعہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ اپنے پیاروں کے خوف کو دُور کر کے امن سے بدل ڈالتا ہے۔ پس بعینہ یہی نقشہ ہمیں مسیح موعودؑ کی زندگی میں نظر آتا ہے۔ ایک صحابی بیان کرتے ہیں کہ مشکلات کے طوفان میں مسیح موعودؑ کا چہرہ ایسا پُرامن نظر آتا تھا کہ سب خیر ہے اور بس امن ہی امن ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے جس سے حقیقی امن پھوٹتا ہے، اور خوف بھاگ جاتا ہے۔ جو اس سے تعلق پکڑتا ہے، اسے اطمینان دیا جاتا ہے۔ میں اپنے مضمون کا اختتام مسیح موعودؑ کے ایک صحابی کے واقعہ سے کرنا چاہتا ہوں۔ ایک انگریز صاحبزادہ عبداللطیف شہیدؓ کے متعلق لکھتا ہے:

”میں نے اس بزرگ کو وفات سے قبل زنجیروں میں جکڑا ہوا پایا۔ اس کے چہرے پر ایسی بے خوفی اور ایسا امن اور ایسا اطمینان دیکھا کہ وہ نظارہ آج تک مجھے نہیں بھولتا۔“

(خطبات طاہر جلد ۲، صفحہ ۲۹)

کیا خدا کے سوا یہ سکون واطمینان مل سکتا ہے؟

مجھے اُس یار سے پیوندِ جاں ہے
وُہی جنت، وُہی دارالاماں ہے

(دُرِّ ثمین اُردو)



# اسلام احمدیت کا تعارف

مولانا عبدالسمیع خان صاحب، مربی سلسلہ

## داعیان الی اللہ اور ہر مذہب وملت میں تبلیغ کرنے والوں کے لئے

- اسلام کے لغوی معنی اطاعت اور فرمانبرداری کے ہیں اور اصطلاحی طور پر یہ اس دین یا آسمانی پیغام کا نام ہے جو آج سے قریبا 14 سو سال قبل عرب کے علاقے میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا۔ اور احمدیت اسلام کی اس سچی اور خالص تشریح کا نام ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں رسول اللہ ﷺ کی اتباع میں آنے والے مامور حضرت مسیح موعود مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کو سکھائی۔

- اسلام کوئی نیا دین نہیں بلکہ اس سے پہلے آنے والے مختلف انبیاء کے پیغام کی جامع اور مکمل اور آخری شکل ہے۔ سب ادیان کے ماننے والے خدا کی نظر میں مسلم تھے مگر اب محمد رسول اللہ ﷺ کو ماننے والوں کو مسلم یا مؤمن کہا جاتا ہے۔

- حضرت محمد ﷺ 570ء عیسوی میں مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ پر 23 سال خدا کا کلام نازل ہوتا رہا جس کو خود خدا نے قرآن کا نام دیا ہے اور اس کی حفاظت کا ذمہ لیا ۔ چنانچہ اب یہ کتاب دنیا کی کم از کم 76 زبانوں میں تراجم کے ساتھ موجود ہے اور دنیا میں



سب سے زیادہ پڑھی اور لکھی جانے والی کتاب ہے اور لاکھوں لوگوں کو پوری طرح یاد ہے۔

- محمد رسول اللہ ﷺ نے قرآن کے تمام احکام پر عمل کر کے سنت قائم کی اور اعلیٰ ترین اخلاق کا نمونہ دکھایا۔ دعویٰ سے پہلے بھی آپ کی ساری قوم آپ کو صادق اور امین کہتی تھی اور آپ کا کردار آج بھی اسوہ حسنہ ہے۔
- اسلام ہمیں بتاتا ہے کہ اس دنیا کا ایک ہی خالق اور مالک ہے جس کا ذاتی نام اللہ ہے اور وہ لامحدود صفات حسنہ کا جامع ہے اور تمام بد خصائل سے پاک ہے۔ اس کا کوئی بیٹا، کوئی ہمسر اور کوئی شریک نہیں۔ اس کے علاوہ سب کچھ فانی ہے۔اس کا الہام اور کلام ہمیشہ جاری ہے ۔

- اللہ تعالیٰ نے اس وسیع و عریض کائنات کو نہایت حق و حکمت کے ساتھ پیدا کیا ۔ جس کا مرکزی نقطہ انسان ہے ۔ اسی لئے تمام زمین و آسمان کو انسان کے لئے مسخر کر دیا گیا ہے ۔انسان کو دوسری تمام مخلوقات پر یہ امتیاز حاصل ہے کہ صرف انسان ہی خدا تعالیٰ کی صفات کو اپنا کر اپنے محدود دائرے میں ان کو ظاہر کر سکتاہے اور یہی انسان کی پیدائش کا مقصد ہے اور یہ امتحان جاری ہے کہ کون نیکیوں میں آگے بڑھتا ہے ۔اس کے حساب کے لئے خدا نے دوسری دنیا مقرر کی ہے جس میں جنت اور جہنم کا فیصلہ ہو گا اور یہ صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے ۔

- تمام انسان خدا کی نظر میں برابر ہیں۔ کسی کو رنگ، نسل ،قوم، ملک، طاقت، اور دولت کی وجہ سے کوئی فضیلت نہیں۔ انتظامی امور میں بعض بعض پر فوقیت رکھتے ہیں مگر خدا کے نزدیک معزز وہ ہے جو اللہ اور بندوں کے حقوق ادا کرتا ہے۔

- خدا نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے ہر قوم اور ہر علاقہ میں رسول اور نبی مبعوث کیے۔ مگر چونکہ انسانی شعور ناپختہ تھا اور انسانوں کا آپس میں رابطہ بھی نہیں تھا اس لئے ان تمام پیغمبروں اور تعلیمات کا دائرہ وقتی اور قومی تھا۔ وہ سب خدا کی طرف سے تھے اور قابل عزت ہیں۔ خدا کی طرف منسوب ہونے والے سب مذاہب آغاز میں سچے تھے مگر ان کا زمانہ ختم ہو گیا اور ان کی تعلیمات موجودہ حالات سے ہم آہنگ نہیں۔

- جب انسانی شعور ایک خاص حد تک مکمل ہو گیا اور دنیا کے امت واحدہ بننے کے آثار ظاہر ہونے لگے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی سب سے کامل اور آخری شریعت حضرت محمد ﷺ کے ذریعہ نازل فرمائی جو سب قوموں اور سب زبانوں اور قیامت تک کے لئے ہے اور اس میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں۔ آپ خاتم النبیین ہیں یعنی اب تمام روحانی برکتیں آپ کی پیروی اور اتباع سے ملیں گی ۔

- رسول کریم ﷺ اور اسلام کے متعلق دنیا کے قریباً ہر مذہب میں استعاروں کے رنگ میں پیشگوئیاں موجود ہیں جو ان نبیوں کو بھی اور اسلام کو بھی سچا ثابت کرتی ہیں۔

- اسلام کی بنیاد توحید یعنی اللہ کے ایک ہونے پر ہے اور کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اس کی تمام تعلیمات کا خلاصہ ہے۔

- اسلام نے توحید کے لفظی اقرار کے علاوہ اجتماعی عبادات قائم کیں ہیں جو خدا سے تعلق جوڑنے کے لئے ضروری ہیں جو اصولاً تو آغاز نبوت سے ہیں مگر ان کی جامع شکل اسلام نے پیش کی ہے۔ مثلاً روزانہ 5 وقت کی باجماعت نماز، ماہ رمضان کے روزے، خانہ کعبہ کا حج، اور زکوۃ یعنی دین اور انسانیت کے لئے مالی قربانی۔

- اسلام نے ہر قسم کی مخلوق کے لئے حقوق و فرائض مقرر کیے ہیں۔ مثلاً والدین، اولاد، بیوی، بھائی بہن، دیگر رشتہ دار، ہمسایہ، دوست، افسر، ماتحت، حتیٰ کہ جانوروں اور راستوں کے حقوق بھی مقرر فرما دیے۔اسلام چاہتا ہے کہ تمام انسان اپنے حقوق و فرائض ادا کر کے ایک جنت نظیر معاشرہ قائم کریں اور جو لوگ اس میں رکاوٹ ڈالیں انہیں مناسب تنبیہ کی جائے اور سزا دی جائے ۔مگر اس کا تعلق حکومت سے ہے کسی فرد کو قانون ہاتھ میں لینے کا حق نہیں ۔

- رسول کریم ﷺ کی وفات کے بعد آپ کی جانشینی یعنی خلافت کا سلسلہ شروع ہوا اور مسلمان ظاہری لحاظ سے بھی ترقی کرتے گئے اور تین بر اعظموں پر ان کی حکومت قائم ہو گئی۔ مگر پیشگوئیوں کے مطابق آہستہ آہستہ وہ روحانی لحاظ سے کمزور ہوتے چلے گئے۔ مگر اس دور میں بھی بے شمار اہل اللہ ،مجدد دین اور صاحب وحی و الہام لوگ ان کی رہنمائی کے لئے موجود رہے مگر یہ تفرقہ کا سلسلہ بڑھتا چلا گیا۔

- قرآن کریم اور رسول اللہ ﷺ نے ایک ایسے زمانہ کی پیشگوئی بھی کی تھی کہ مسلمان بہت سے فرقوں میں بٹ جائیں گے اور اسلام کا نام اور قرآن کے صرف الفاظ باقی رہ جائیں گے۔ دجال اور یاجوج ماجوج ظاہر ہو جائیں گے اور تمام مذاہب اسلام کو مٹانے کے لئے اس پر حملہ آور ہو جائیں گے ۔ تب خدا رسول کریم ﷺ کے متبعین میں سے ایک شخص کو مسیح و مہدی کے نام سے مبعوث کرے گا جو ایمان کو دنیا میں دوبارہ قائم کرے گا اور اسلام کو تبلیغ کے ذریعہ غالب کرے گا ۔

- وہ مصلح عین وقت پر اسلام کی 14ویں صدی ہجری میں آیا ۔ ہندوستان کے ایک قصبہ قادیان میں ایک عاشق رسولﷺ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی نے 1882 ء میں اس زمانہ کے مامور ہونے کا دعوی فرمایا ۔ آپ نے فرمایا کہ میں مسلمانوں کے لئے مہدی، عیسائیوں کے لئے مسیح اور ہندوؤں کے لئے کرشن ہوں اور دیگر مذاہب جو آخری زمانہ میں ایک مامور من اللہ کا انتظار کر رہے ہیں وہ میں ہی ہوں۔میری کتاب اور کلمہ اور دین وہی ہے جو مسلمانوں کا ہے آپ نے 90 کے قریب کتب لکھ کر اسلام کی سچائی اور اپنی صداقت ثابت کی اور کثرت سے انعامی چیلنج دیئے۔

- مسیح موعود نے ثابت کیا کہ حضرت مسیح ناصری نہ خدا ہیں نہ آسمان پر زندہ موجود ہیں۔ بلکہ ایک بزرگ نبی ہیں دوسرے نبیوں کی طرح آئے اور دوسرے نبیوں کی طرح فوت ہو گئے۔اللہ نے ان کو صلیب سے بچایا اور کشمیر ہندوستان میں ان کی قبر ہے ۔ آنے والے کو مسیح ناصری سے بہت سی مشابہتوں کی وجہ سے مسیح موعود کا نام دیا گیا ہے۔کوئی کفارہ اور تثلیث انجیل سے ثابت نہیں اب اسلام ہی نجات کا ذریعہ ہے ۔

- حضرت مسیح موعودؑ کے وقت میں تمام موعودہ علامات پوری ہو گئیں اور ہوتی جا رہی ہیں۔ آپ کے لئے خدا نے بڑے بڑے نشان دکھائے جیسے آسمان پر کسوف خسوف اور زمین پر طاعون اور زلازل وغیرہ۔

- آپ نے 1889ء میں جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی اور خدمتِ اسلام کی عالمی مہم کا آغاز کیا۔ آج احمدیت دنیا کے 214 ممالک میں موجود ہے۔ جماعت احمدیہ قرآن و حدیث کے متعدد زبانوں میں تراجم کر رہی ہے مساجد بنا رہی ہے اور اسلام کی حقیقی تعلیمات کو دنیا بھر میں پھیلا رہی ہے اور عالمی امن کو قائم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ اس کا ماٹو ہے Love for all, Hatred for none ۔






- حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد آپ کی خلافت کا سلسلہ شروع ہوا اور اب آپ کے 5ویں جانشین حضرت مرزا مسرور احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) جماعت کی قیادت فرما رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ اپنی نصرت کے نشان دکھاتا ہے۔ ان کی دعائیں قبول کرتا ہے اور ان کے منصوبوں کو کامیابی عطا کرتا ہے۔

- جماعت احمدیہ کا اصلی مرکز تو قادیان ہے مگر 1947ء میں انڈیا کی تقسیم کے بعد فسادات کی وجہ سے پاکستان میں نیا مرکز ربوہ کے نام سے بسایا گیا۔ لیکن جب وہاں بھی مذہبی آزادی نہ رہی تو اب امام جماعت احمدیہ لندن میں قیام پذیر ہیں۔

- جماعت احمدیہ کی مرکزی ویب سائٹ alislam.org ہے۔اس پر جماعت کا تعارف، کتب، نشانات، اعتراضات اور ان کے جوابات کی پوری تفصیل موجود ہے۔جماعت کا ٹی وی چینل MTA کے نام سے 24 گھنٹے دینی تعلیمات پھیلا رہا ہے ۔

- آپ کسی بھی مذہب اور فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ ہم سے رابطہ کریں سوال پوچھیں اپنی تسلی کریں اور امام جماعت احمدیہ کی باقاعدہ بیعت کر کے جماعت احمدیہ مسلمہ میں شامل ہو جائیں کیونکہ

- اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کر کے آپ اپنی زندگی کے مقصد کو پورا کریں گےاور آخرت میں سرخرو ہوں گے ۔

- قرآن کریم کی اتباع کر کے آپ ایک خوبصورت معاشرہ قائم کریں گے جس کی بنیاد باہمی امن اور رواداری اور محبت پر ہو گی۔

- حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت میں شامل ہو کر آپ ایک عظیم تربیتی اور تبلیغی نظام کا حصہ بنیں گے جس کو دنیا رشک کی نظر سے دیکھتی ہے۔

# دلوں کا سکون
# اللہ کے ذکر میں ہے

## حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ سورۃ الرعد کی آیات ۲۸ اور ۲۹ کی تشریح میں فرماتے ہیں:

''ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ خدا تعالیٰ ہدایت کی راہیں اُن لوگوں پر کھولتا ہے جو اُس کی طرف جھکتے ہیں اور اُس سے تعلق قائم کرتے ہیں۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا جو لوگ دل سے ایمان لاتے ہیں اور زبان سے اس کا اقرار کرتے ہیں اور ایمان کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اور اُن کی ساری کی ساری زندگی ثابت کرتی ہے کہ اُن کے دل خدا تعالیٰ کے ذکر سے مطمئن ہیں۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ اور حقیقت یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے انسانی قلوب اطمینان اور تسکین خوشی اور مسرت کی کیفیت محسوس کرتے ہیں۔

دنیا میں بہت سے ایسے ممالک ہیں اور لوگوں کے ایسے گروہ ہیں جو دنیوی لحاظ سے بہت ترقی یافتہ سمجھے جاتے ہیں لیکن جب ہم ان کی زندگیوں پر غور کرتے ہیں تو اُن کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں ہمیں اطمینان کا فقدان نظر آتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انہیں دنیا سے بہت کچھ ملا لیکن ان کو اطمینان قلب حاصل نہیں ہوا اور وہ اس کی تلاش میں ہیں۔ اگر انسان سوچے تو یہی بات سمجھ آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یاد ہی انسان کو مطمئن کر سکتی ہے اور اس کے دل میں اطمینان پیدا کر سکتی ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے تسکین قلب حاصل ہو سکتی ہے۔...

ذکر کے معنے ہیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ ہم پر اللہ تعالیٰ کے جو انعامات نازل ہوتے ہیں ہم اُن پر غور کریں۔ ہم اپنی بے کسی کو سامنے رکھیں اور اس کی نعمتوں پر توجہ دیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے ہم پر بڑا فضل کیا ہے۔ ہماری زندگی کی کوئی ایک بھی ساعت ایسی نہیں جس میں خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت ہم پر نازل نہ ہو رہی ہو۔ ایک یا دو رحمتوں کا سوال نہیں بلکہ ہر آن اور ہر گھڑی اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں ہم پر نازل ہو رہی ہیں اور میں یہ جو کہتا ہوں کہ ہر گھڑی اور ہر آن بے شمار رحمتیں نازل ہو رہی ہیں تو اس میں میں کوئی مبالغہ نہیں کر رہا۔ یہ ایک حقیقت ہے جس کی وسعتوں کا ہمارے الفاظ احاطہ نہیں کر سکتے حقیقت اس سے بھی زیادہ ہے جتنی ہم بیان کرتے ہیں یا کر سکتے ہیں۔''

(انوار القرآن، جلد ۲، صفحہ ۳۴۸-۳۴۹)



حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

’’ان کو سمجھائیں کہ Inferiority Complex یعنی احساس کمتری میں کہیں طمانیت نہیں ملے گی آپ کو۔انتقام میں کوئی طمانیت نہیں ہے۔دنیا کی لذتوں کی پیروی میں کوئی طمانیت نہیں ہے اگر طمانیت ہے تو ذکر اللہ میں ہے۔‘‘

(خطبات طاہر جلد ۱۲، صفحہ ۸۸۶)



## حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”انسانی پیدائش کا اصل مقصد خدا تعالیٰ کی یاد اور ذکر ہے پس چونکہ اصل مقصد انسانی پیدائش کا خدا تعالیٰ کی یاد اور اس کا ذکر ہی ہے۔ جب خدا مل جاتا ہے تو کوئی جلن اور تڑپ نہیں رہتی۔ بلکہ اطمینان ہی رہتا ہے۔ جو لوگ دنیا کی جستجو میں رہتے ہیں ان کو جس قدر ترقی ملتی ہے ان کی جلن بڑھتی جاتی ہے۔ مگر جو خدا تعالیٰ کی طرف جاتا ہے اور جس قدر اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اتنا ہی اس کے دل کا اطمینان بڑھتا جاتا ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس نے اپنی ذات کی جستجو ہی ہماری زندگی کا اصل مقصد قرار دیا ہے۔ پس جب وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے انسان کو اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔“

(تفسیر کبیر جلد 5، صفحہ 68)






Photo by: Hasoor Ahmad Eqan

# اللہ تعالیٰ کے ذکر سے قلوب اطمینان پاتے ہیں

”اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ اس کے عام معنی تو یہی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے قلوب اطمینان پاتے ہیں لیکن اس کی حقیقت اور فلسفہ یہ ہے کہ جب انسان سچے اخلاص اور پوری و پوری وفاداری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے اور ہر وقت اپنے آپ کو اس کے سامنے یقین کرتا ہے اس سے اس کے دل پر ایک خوف عظمت الٰہی کا پیدا ہوتا ہے وہ خوف اس کو مکروہات اور منہیات سے بچاتا ہے اور انسان تقویٰ اور طہارت میں ترقی کرتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے ملائکہ اس پر نازل ہوتے ہیں اور وہ اس کو بشارتیں دیتے ہیں اور الہام کا دروازہ اس پر کھولا جاتا ہے اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کو گو یا دیکھ لیتا ہے اور اس کی وراء الورا طاقتوں کو مشاہدہ کرتا ہے۔ پھر اس کے دل پر کوئی ہم وغم نہیں آسکتا اور طبیعت ہمیشہ ایک نشاط اور خوشی میں رہتی ہے۔“

(تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام، جلد 4، صفحہ 426)



# فرمان

## حضرت مرزا مسرور احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

(اختتامی خطاب سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ برطانیہ 2021ء، الفضل انٹرنیشنل یکم اکتوبر 2021ء صفحہ 2)

”یہ غیر ضروری خواہشات کو پورا کرنے کی تمنا انسان کو صرف بے چینی اور مایوسی میں مبتلا کرتی ہے اور روشنی کی بجائے تاریکی کی طرف دھکیلتی ہے۔“

